SECURITIES & EXCHANGE COMMISSION OF PAKISTAN

SECP

**PRESS RELEASE**

For immediate release

October 13, 2022

# ستمبر میں 2,434 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں: ایس ای سی پی

اسلام آباد (13 اکتوبر) سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان نے ستمبر میں 2,434 نئی کمپنیاں رجسٹر کیں، جس کے بعد کل رجسٹر کمپنیوں کی تعداد 178,733 (ایک لاکھ اٹھتر ہزار سات سو تینتیس) ہو گئی ہے۔ نئی رجسٹر ہونے والی کمپنیوں کا کل ادا شدہ سرمایہ دو ارب ساٹھ کروڑ روپے ہے۔

ستمبر میں تشکیل پانے والی ترپن کمپنیوں میں افغانستان، چین، کینیڈا، ڈنمارک، فرانس، جرمنی، اٹلی، اردن، ملائیشیا، فلپائن، پرتگال، سعودی عرب، سوئٹزرلینڈ، روس، ترکی، برطانیہ، متحدہ عرب امارات اور امریکہ سے تعلق رکھنے والے ڈائریکٹروں نے سرمایہ کاری کی۔ اس ماہ 99.88 فیصد کمپنیاں آن لائن رجسٹر ہوئیں اور 104 بیرونی سرمایہ کار رجسٹر ہوئے۔ تقریباً 58 فیصد کمپنیاں پرائیویٹ لمیٹڈ کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں، جبکہ 40 فیصد سنگل ممبر کمپنیوں کے طور پر رجسٹر ہوئیں۔

اس ماہ میں سب سے زیادہ رجسٹریشنز رئیل اسٹیٹ ڈویلپمنٹ اینڈ کنسٹرکشن سیکٹر میں ہوئیں جہاں 480 نئی کمپنیاں رجسٹر ہوئیں۔ اس کے بعد انفارمیشن ٹیکنالوجی کے شعبے میں 368، ٹریڈنگ میں 290، سروسز میں 245، ایجوکیشن میں 96، سیاحت میں 95، ٹیکسٹائل میں 54، انجینیرنگ میں 52، پاور جنریشن میں 50، ہیلتھ کیئر میں 33، اور دیگر سیکٹرز میں 316 کمپنیاں رجسٹرڈ ہوئیں۔

ایس ای سی پی کا ای سروسز سسٹم ایف بی آر، صوبائی ریونیو کے محکموں کے ساتھ انٹی گریٹیڈ ہے، جس کے نتیجے میں اگست میں بیک وقت ایس ای سی پی پورٹل انٹرفیس کے ذریعے 2,254 کمپنیاں ہمہ وقت ایف بی آر کے ساتھ، 74 کمپنیاں ای او بی آئی کے ساتھ، 38 کمپنیاں PESSI/SESSI کے ساتھ اور 39 کمپنیاں محکمہ ایکسائز اینڈ ٹیکسیشن کے رجسٹر ہوئیں۔